Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ ذی الحجہ سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۲۱ جولائی سنہ ۱۹۲۴ء	نمبر ۲۹

فہرست مضامین

ملخص احکام اجلاس صاحب فائنانشل سکریٹری بہادر

اضافہ مع لقب

۱۲ جولائی سنہ ۱۹۲۴ء

بر بنا تحریر ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم مرزا حبیب حسن بیگ ایلڈ آڈٹ سیکشن فوجی کی تنخواہ موجودہ میں بوجہ حسن انجام دہی کار متعلقہ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ اور لقب سب آڈیٹر منظور ہوا۔

اضافہ مع لقب

۱۲ر جولائی سنہ ۱۹۲۴ء

بربناء تحریر ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم منشی بھگوانداس ہیڈ سررشتہ آڈٹ صیغہ ذات خاص کی تنخواہ موجودہ مین پانچروپیہ اضافہ اور لقب سب آڈیٹر منظور ہوا۔

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات وصنعت وحرفت

واقع ۱۶ر جولائی سنہ ۱۹۲۴ء

بندگان عالی حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم نے بنظر رفع تکلیف رعایا سڑک پختہ شاہ آباد پر موسم برسات کے ختم تک آمد ورفت عام کی اجازت مرحمت فرمادی ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

صاحب ایگزیکٹیو انجینیر کو مرقوم ہو کہ یہ سڑک درست طلب ہے لہذا خیال کیا جاوے کہ موسم برسات مین قابل گذر رہے اور بعد ختم برسات اسکی درست کرادی جاوے صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے اجلاس مین بھی اطلاع دیجائے اور درج گزٹ ہو۔

بغرض اجراے احکام روبکار ہذا صدر مین مرسل ہو۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہوگئی ہین۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتہ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اُٹھائیے خود بھی خرید فرما کر پڑہیے اور احباب کو بھی دکھائیے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲ آنہ ہے۔

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲ آنہ ہے۔

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع حامدی کے ملحقات مین ہے۔ جو در اصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک ۱ روپیہ ہے۔

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست منصرم صاحب کتب خانہ کی خدمت مین ارسال فرمائے۔

ذو الفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۱۲ لغایت ۱۸ جولائی ۱۹۲۴ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	روز گذشتہ	از جون	روز گذشتہ	از جون	روز گذشتہ	از جون	روز گذشتہ	از جون	روز گذشتہ	از جون	روز گذشتہ	از جون
۱۲ جولائی ۱۹۲۴ء یوم شنبہ	۷½	۸۴	۸	۷۷	۲	۶۴	۱۴	۶۰	۹	۸۰	۵	۵۳
۱۳ ″ ″ ″ یکشنبہ	۳½	۸۷½	۱۲	۸۹	۱۱	۷۴	۰	۶۰	۵	۷۵	۱	۵۴
۱۴ ″ ″ ″ دوشنبہ	½	۸۸	۵	۹۴	۰	۷۴	۰	۶۰	۴	۷۹	۰	۵۴
۱۵ ″ ″ ″ سہ شنبہ	۰	۸۸	۱۲	۱۰۶	۰	۷۴	۰	۶۰	۰	۷۹	۲۲	۷۶
۱۶ ″ ″ ″ چہارشنبہ	۳	۹۱	۸	۱۱۴	۲	۷۶	نقشہ نہیں آیا	۰	۶	۸۵	نقشہ نہیں آیا	۰
۱۷ ″ ″ ″ پنجشنبہ	۰	۹۱	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	″	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	″	۰
۱۸ ″ ″ ″ جمعہ	۰	۹۱	″	۰	″	۰	″	۰	″	۰	″	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۴ لغایت ۲۰ جولائی ۱۹۲۴ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم				۱۱ ار			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص				۱۲ ار			
نخود کسہ آمیز				۱۴ ار			
کسیر				۱۵ ار			
[illegible]				۸ ار			
[illegible]				۰			
مکا				۰			
جئی				۱۶ ار			
گوجئی				۱۲ ار			
عدس				۱۲ ار			
ارہر				۱۵ ار			
برنج				۱۴ ار			
روغن زرد				[illegible]			
روغن سیاہ				[illegible]			
روغن کنجد				[illegible]			
نمک سانبھر				۱۱ ار			
نمک لاہوری				۵ ار			
قند سیاہ				۷ ار			
باجرہ				۰			

مطبعہ سرکاری پریس ریاست رامپور